© rasailojaraid.com



ہندوستان کی جماعت اسلامی نے رامپور کو اپنا مرکز بنا کر وہاں مسلمان بچوں کے لئے ایک درسگاہ قایم کی ہے جس کا مقصد تعلیم سے زیادہ بچوں کی تربیت ایک ایسے طریقہ پر کرنا ہے کہ وہ بڑے ہو کر پکے اور سچے مسلمان بھی ہوں دینیات اور عربی سے آشنا بھی ہوں اور ساتھ ہی دنیوی زندگی عزت اور خودداری کے ساتھ بسر کرنے کے بھی قابل ہوں اس مقصد کے پیش نظر درسگاہ کے ارباب کار نے خود اپنا ایک نصاب تیار کیا ہے اور اب اسی نصاب کو اس درسگاہ میں رائج کر کے اس کا عملی تجربہ کیا جا رہا ہے۔ زیر تبصرہ یہ چھوٹے چھوٹے چند رسالے اسی نصاب اور اس کے ماتحت تعلیمی و ذہنی اصلاح کے جذبہ سے لکھے گئے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ زبان و بیان، مضامین و ترتیب اور کتابت و طباعت ہر اعتبار سے یہ رسالے اس لائق ہیں کہ ہر مسلمان بچہ یا بچی کو پڑھائے جائیں ان کے پڑھنے سے اردو زبان بھی آنے گی نیکی کی عظمت اور اس کی طرف رغبت بھی پیدا ہوگی اور اخلاقی سربلندی و سرفرازی حاصل کرنے کا ولولہ بھی پیدا ہوگا۔

**آسان کہانیاں** مرتبہ جناب افضل حسین صاحب ایم۔ اے۔ بی۔ ٹی قیمت ۳؍ یہ رسالہ بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے جس میں دس کہانیاں بچوں کے لئے دلچسپ و آسان زبان میں لکھی گئی ہیں ان کہانیوں میں اس بات کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ کہانیاں بچوں کی ذہنی استعداد کے مطابق ہوں۔

**باب القرآن** از مولوی حاجی ابوالسعود احمد الباقوی تقطیع متوسط ضخامت ۳۲ صفحات کتابت و طباعت عمدہ قیمت ۶؍ رتبہ:۔ دارالاشاعت میل وشارام صنویہ مدراس

یہ رسالہ کیا بلکہ قاعدہ قرآن مجید کی تعلیم کو آسان کر دینے کی غرض سے لکھا گیا ہے اس کے دو حصے ہیں۔ پہلے حصہ میں حروف تہجی اور حرکات و سکنات کی خوب مشق کرا دی گئی ہے دوسرے حصہ میں حروف کی ترکیب اور مرکبات کو سہل و آسان طریقہ پر سمجھانے اور ان کی مشق کرانے کی کوشش کی گئی ہے امید ہے یہ قاعدہ تجربہ کے بعد اپنے مقصد میں کامیاب ثابت ہوگا۔

© rasailojaraid.com